سوال

(141) عیدین کا خطبہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عیدین کا خطبہ

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عیدین کا خطبہ نماز عید کے بعد ہے، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں عید کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز عید کے لیے حاضر ہوا، آپ نے پہلی نماز پڑھی پھر خطبہ دیا۔[1] حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابو بکر، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ عیدین کی نمازوں میں حاضر ہوا، یہ سب حضرات نماز عید خطبہ سے پہلے پڑھتے تھے۔[2] یہاں اس بات کی وضاحت کرنا بھی ضروری ہے کہ عیدین کا خطبہ ایک ہی ہے، دو خطبوں والی جتنی بھی روایات ہیں وہ معیار صحت پر پوری نہیں اُترتیں۔

---

[1] صحیح مسلم، العیدین: ۸۸۵۔

[2] بخاری، العیدین: ۹۶۲۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد4۔ صفحہ نمبر:155